# پریس ریلیز

## بینک آف پنجاب اور پی آئی اے کے درمیان باہمی معاونت کی یادداشت پر دستخط

بینک آف پنجاب اور پی آئی اے نے باہمی معاونت کی یادداشت پر دستخط کیے جس کے تحت بینک آف پنجاب اپنی پراڈکٹس اور سروسز کی تشہیر کے لئے پی آئی اے کی سہولیات کو استعمال کرے گا۔ معاہدے کے مطابق پی آئی اے اپنے بورڈنگ کارڈ پر اور اپنے دفاتر میں بینک آف پنجاب کو اپنی پراڈکٹ اور سروسز کے اشتہارات آویزاں کرنے کی سہولت فراہم کرے گا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بینک آف پنجاب کے گروپ چیف کارپوریٹ اینڈ انویسٹمنٹ بینکنگ جناب فرید احمد خان نے کہا کہ "آج ہم بہت پرجوش ہیں کہ بی او پی اور پی آئی اے کے درمیان ایک یادگار باہمی معاونت کی یادداشت پر دستخط ہوئے ہیں۔ اس باہمی معاہدہ کے تحت ہم پی آئی اے کے لاکھوں اندرون ملک اور بیرون ملک سفر کرنے والے مسافروں تک بینک آف پنجاب کی فنانشیل پرادکٹس اور سروسز کے متعلق آگاہی پہنچا سکیں گے خاص طور پر ہم سمندر پار پاکستانیوں تک بینک آف پنجاب کے ذریعے اپنی رقوم کی ترسیل کا پیغام پہنچا سکیں گے"۔ پی آئی اے کے جنرل مینیجر جناب عامر میمن نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا "یہ پی آئی اے کیلئے ایک یادگار دن ہے۔ میں خاص طور پر بی او پی کے صدر جناب ظفر مسعود اور پی آئی اے کے سی ای او ائیر مارشل ارشد ملک کا بے حد مشکور ہوں کہ جن کے کلیدی کردار ادا کرنے کے باعث آج ان دونوں اداروں کے درمیان باہمی معاونت کی اس یادداشت پر دستخط ممکن ہوئے۔ ہم بینک آف پنجاب کی بلکل اسی طرح مدد کرنے کیلئے ہمیشہ تیار ہیں جس طرح بینک آف پنجاب نے ہمیشہ ہماری مدد کی ہے"۔